22866- مور کا گوشت کھانے کا حکم

سوال

کیا اگر مور شریعت اسلامیہ کے طریقہ پر ذبح کیا گیا ہو تو اس کا گوشت کھانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

مور کا گوشت کھانا جائز ہے؛ کیونکہ اس میں اصل حلت ہے؛ اس لیے کہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے :

.{وہ اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کی تمام چیزوں کو پیدا کیا ...}. البقرۃ (29).

اور پھر یہ احادیث میں ممنوعہ جانوروں میں بھی شامل نہیں :

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر کچلی والے وحشی جانور اور ہر پنجے والے پرندے سے منع فرمایا"

صحیح مسلم حدیث نمبر (358).

اور پھر اس میں کوئی نقصان اور ضرر بھی نہیں، اس لیے اس کا کھانا جائز ہے.